# 99629 ـ وقتى اور مستقل گدوانا، اس كى قسميں اور حكم

**سوال**

اسلام ميں وشم يعنى جسم ميں گدوانا حرام ہے، اور اس كے عوض ميں اسلام نے مہندى لگانا قرار ديا، ليكن مہندى كے عيب ميں يہ بھى ہے كہ باريك بينى سے خاكہ نہيں بنتا، اور بہت مدت تك اس كا رنگ باقى رہتا ہے، تو وشم يعنى جسم گدوانے اور مہندى كے عوض ميں وشم كا ايسا طريقہ نكل آيا ہے جو غرض ختم ہونے كے بعد اتار ديا جاتا ہے، يعنى وہ جسم پر چپك جاتا ہے، تواس طرح كے گدوانے كا حكم كيا ہے، يعنى وہ جسم پر چپكايا جاتا ہے، اور اسے اتارنا بھى ممكن ہے، اتارنے سے جسم ميں كوئى اثر تك باقى نہيں رہتا ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

اول:

ہميشہ رہنے والى زينت جس سے جسم كے عضو كى شكل اور رنگ بھى تبديل ہو جاتا ہے، اور وقتى زينت ميں بہت فرق پايا جاتا ہے، پہلى قسم يعنى ہميشہ رہنے والى حرام ہے، اور يہ تغير خلق اللہ يعنى اللہ كى پيدا كردہ صورت ميں تبديلى ہے، اور دوسرى يعنى وقتى مباح ہے، اور يہ مباح زينت و خوبصورتى ميں شامل ہوتى ہے.

الوشم: يعنى جسم گدوانا جسم كى جلد كا رنگ تبديل كرنا ہے اور اس كے ليے جسم ميں سوئى چبھوئى جاتى ہے جس سے خون بہہ نكلتا ہے، پھر اس جگہ ميں سرمہ وغيرہ بھرا جاتا ہے تا كہ اس جلد كا رنگ اللہ تعالى كى پيدا كردہ جلد كے رنگ كے علاوہ بدل جائے.

اور مہندى وغيرہ كےساتھ جلد كو رنگنا، اس وشم ميں شامل نہيں ہوتا، كيونكہ يہ جلد كى رنگت كو تبديل نہيں كرتا، بلكہ جلد پر مختلف قسم كے پھول بوٹے اور نقش بنائے جاتے ہيں، اور كچھ مدت كے بعد يہ رنگ اتر جاتا ہے.

اللہ سبحانہ و تعالى نے عورت كے ليے مہندى كے ساتھ زينت و خوبصورتى حاصل كرنا مباح كي ہے، ليكن شرط يہ ہے كہ وہ اس زينت كى اشكال و نقوش ذى روح چيز مثلا انسان يا حيوان كى شكل ميں نہ بنائے، اور نہ ہى وہ اس زينت كو غير محرم اور اجنبى مرد كے سامنے ظاہر كرے.

مستقل وشم يعنى گدوانے كى تين صورتيں ہيں، اور ان سب كا ايك ہى حكم يعنى حرام ہيں، وہ صورتيں درج ذيل ہيں:

پہلی صورت:

پرانا تقلیدی طریقہ:

وہ طریقہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ جلد میں سوئی چبھو کر خون بہانا اور پھر اس جگہ سرمہ یا رنگدار مادہ بھر دینا.

امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

الواشمۃ: یہ وشم کا اسم مؤنث اسم فاعل ہے، یعنی وشم کرنے والی عورت، یہ وہ عورت ہے جو اپنے ہاتھ یا کلائی، یا ہونٹ وغیرہ یا اپنے جسم کے کسی بھی حصہ میں سوئی وغیرہ داخل کرے حتی کہ خون نکل آئے، اور پھر اس جگہ میں سرمہ یا چونا وغیرہ بھر دے جس سے وہ سبز رنگ کا ہو جائے، ایسا فعل کرنے والی کو واشمہ کہتے ہیں، اور جس کے ساتھ یہ فعل کیا گیا ہو اسے موشومہ کہتے ہیں، اور اگر کوئی عورت ایسا کرنے کا مطالبہ کرے تو اسے مستوشمہ کہا جاتا ہے.

اور یہ کرنے والی اور کروانےوالی اور اپنےاختیار کے ساتھ اسے طلب کرنے والی سب پر حرام ہے " انتہی.

دیکھیں: شرح مسلم للنووی ( 14 / 106 ).

اس مسئلہ کے متعلق دلائل اور اہل علم کی کلام آپ سوال نمبر ( 21119 ) کے جواب میں دیکھ سکتے ہیں.

دوسری صورت:

کیمائی مادہ استعمال کرنا، یا پھر ساری یا کچھ جلد کا رنگ تبدیل کرانے کے لیے آپریشن کروانا.

شیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال کیا گیا:

لوگوں میں ۔ اور خاص کر عورتوں میں ۔ بعض کیمائی مواد اور طبعی جڑی بوٹیوں کا استعمال عام ہو چکا ہے جس سے جلد کا رنگ تبدیل ہو جاتا ہے، اس طرح کہ یہ کیمائی مادہ اور طبعی جڑی بوٹیاں استعمال کرنے کے بعد سیاہ رنگ سفید رنگت میں بدل جاتی ہے، تو کیا یہ شرعا ممنوع ہے ؟

یہ علم میں رہے کہ کچھ خاوند اپنی بیویوں کو یہ کیمائی مواد اور طبعی جڑی بوٹیاں استعمال کرنے کا کہتے ہیں اور دلیل یہ دیتے ہیں کہ عورت پر اپنے خاوند کے لیے زینت و خوبصورتی اختیار کرنا واجب ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" اگر تو یہ تبدیلی مستقل طور پر ہوتی ہے، تو یہ حرام اور کبیرہ گناہ ہے؛ کیونکہ یہ تو وشم یعنی جسم گدوانے سے بھی زیادہ شدید تغیر خلق اللہ ہے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے بال ملانے، اور جسم گدوانے، اور جسم گودنے والی عورت پر لعنت فرمائی ہے.

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا:

" اللہ تعالی جسم گودنے اور جسم گدوانے والی، اور ابرو کے بال نوچنے اور ابرو کے بال نوچنے کا مطالبہ کرنے والی، اور حسن و خوبصورتی کے لیے دانت رگڑنے والی اللہ کی پیدا کردہ صورت میں تبدیلی کرنے والی عورت پر لعنت فرمائے "

اور کہا: " مجھے کیا ہے کہ میں اس پر لعنت نہ کروں جس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے "

الواصلة: وہ عورت جس کے بال چھوٹے ہوں تو وہ ان کے ساتھ بال وغیرہ ملائے.

المستوصلة: وہ عورت جو اپنے بالوں کے ساتھ بال وغیرہ ملانے کا مطالبہ کرے اور کہے.

الواشمة: وہ عورت جو اپنی جلد گودے، اس طرح کہ اپنی جلد میں سوئی وغیرہ داخل کر کے اس جگہ سرمہ یا کوئی اور چیز بھرے جس سے جلد کا رنگ تبدیل ہو جائے.

المستوشمة: وہ عورت جو اپنی جلد گدوائے اور اس کو بلائے جو جسم گودتی ہے.

النامصة: وہ عورت جو اپنے چہرے کے بال نوچے، مثلا ابرو وغیرہ خود نوچے یا کسی دوسرے کے.

المتنمصة: وہ عورت جو ایسی عورت کو بلائے جو اس کے بال نوچے.

المتفلجة: جو اپنے دانتوں کو رگڑے، یعنی ریتی کے ساتھ رگڑے حتی کہ ان کے درمیان خلا پیدا ہو جائے؛ کیونکہ یہ سب کچھ اللہ تعالی کی پیدا کردہ صورت میں تبدیلی ہے.

اور سوال میں جو کچھ ذکر کیا گیا ہے وہ تو حدیث میں آنے والی سے بھی شدید ترین تغیر خلق اللہ میں داخل ہوتا ہے " انتہی.

دیکھیں مجموع فتاوی الشیخ ابن عثیمین ( 17 ) جواب سوال نمبر ( 4 ).

اس مسئلہ کے متعلق مزید تفصیل دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر ( 2895 ) کے جواب کا مطالعہ کریں.

تیسری صورت:

وشم مؤقت یعنی وقتی جسم گدوانا جو کہ تقریبا ایك برس تك باقی رہتا ہے.

شیخ عبد اللہ بن جبرین حفظہ اللہ سے درج ذیل سوال کیا گیا:

آج کے دور جدید میں سرمہ اور ہونٹ کی تحدید کا وشم کے طریقہ پر ایك نیا طریقہ ایجاد ہوا ہے جو تقریبا کئی ماہ یا ایك برس تك باقی رہتا ہے؛ اور یہ عام سرمہ اور ہونٹ تحدید کرنے والی قلم کے بدلے میں ہے، اس کا حکم کیا ہے ؟

شیخ کا جواب تھا:

یہ جائز نہیں؛ کیونکہ یہ وشم کے مسمی میں داخل ہے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جسم گودنے، اور جسم گدوانے کا مطالبہ کرنے والی پر لعنت فرمائی ہے.

کیونکہ یہ آنکھوں اور ہونٹوں کی تحدید تقریبا ایك برس یا نصف برس تك رہتی ہے، اور پھر جب پھیکی پڑ جائے تو دوبارہ کر لیا جاتا ہے، اور اسی طرح باقی رہتا ہے تو یہ وشم یعنی جسم گودنے کے مشابہ ہوا جو کہ حرام ہے.

اور اصل میں سرمہ آنکھوں کا علاج ہے، جس کا رنگ سیاہ یا مٹیالا ہوتا ہے، جو آنکھوں کی مرض سے حفاظت کرنے یا آنکھیں آ جانے کے وقت لگایا جاتا ہے، اور بعض اوقات عورتوں کے لیے یہ خوبصورتی اور زینت کا بھی باعث ہے، مثلا مباح زینت.

لیکن وقتی وشم کے طریقہ پر ہونٹوں کی تحدید کرنا میری رائے میں جائز نہیں، اس لیے عورت کو مشتبہات سے دور رہنا چاہیے.

واللہ تعالی اعلم.

اللہ تعالی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے. انتہی.

ماخوذ از: فتوی شیخ ابن جبرین جس پر ان کی مہر بھی ثبت ہے.

دوم:

وقتی وشم ۔ جس پر ٹاٹو کا اطلاق کیا جاتا ہے ۔ لیکن اس میں افضل یہی ہے کہ اسے وشم کا نام دیا جائے، اس میں ہماری رائے یہ ہے کہ اسے مہندی سے رنگنے کا حکم دیا جائے؛ اگر تو یہ سوال میں وارد صورت کی طرح ہو، اور یہ حرام طریقہ نہیں، تو یہ مباح ہو گا، لیکن اس کے لیے کچھ شروط ہیں:

1 ـ کہ یہ شکل مؤقت ہو اور ختم ہو جائے، نہ کہ ہمیشہ اور قائم رہے.

2 ـ کسی ذی روح کی اشکال نہ بنائی جائیں.

3 ـ یہ زینت کسی اجنبی اور غیر محرم مرد کے سامنے ظاہرنہ کی جائے.

4 ـ ان رنگوں اور خضاب میں عورت کی جلد کو ضرر اور نقصان نہ ہو.

5 ـ اس میں کافرہ اور فاجرہ عورتوں سےمشابہت نہ ہو.

6 ـ یہ نقش محرف شدہ ادیان کے شعار کی اشکال نہ رکھتے ہوں یا کسی فاسد عقیدہ اور گمراہ منہج سے تعلق نہ رکھیں.

7 ـ اور اگر یہ عمل کوئی دوسرا کرے تو وہ عورت ہو، اور نہ ہی ستر والی جگہ میں ہو.

جب یہ شروط پوری ہوں تو ہم اس سے زینت اختیار کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے.

الصنعانی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" بعض احادیث میں وشم کی علت تغیر خلق اللہ بیان کی گئی ہے، اور یہ نہیں کہا جا سکتا کہ مہندی وغیرہ کے ساتھ خضاب لگانا اس علت کو شامل ہے، اور اگر اسے شامل ہو تو یہ اجماع کے ساتھ مخصوص ہے، اور یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں بھی یہ لگائی جاتی رہی ہے "

دیکھیں: سبل السلام ( 1 / 150 ).

شیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ سے دریافت کیا گیا:

لوگوں میں ۔ اور خاص کر عورتوں میں ۔ بعض کیمائی مواد اور طبعی جڑی بوٹیوں کا استعمال عام ہو چکا ہے جس سے جلد کا رنگ تبدیل ہو جاتا ہے، اس طرح کہ یہ کیمائی مادہ اور طبعی جڑی بوٹیاں استعمال کرنے کے بعد سیاہ رنگ سفید رنگت میں بدل جاتی ہے، تو کیا یہ شرعا ممنوع ہے ...... ؟

یہ سوال ابھی اوپر بیان بھی کیا گیا ہے.

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" .... اور سوال میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ حدیث میں بیان کردہ تغیر خلق اللہ میں سب سے زیادہ شدید ہے.

اور اگر یہ تغیر ثابت اور مستقل نہ ہو، مثلا مہندی وغیرہ لگانا تو اس میں کوئی حرج نہیں؛ کیونکہ یہ اتر جاتی ہے، اور یہ سرمہ اور رخسار سرخ کرنے والے مادہ، اور ہونٹ پر لگانے والی لپ اسٹك کی طرح ہے، چنانچہ واجب اور ضروری ہے کہ تغیر خلق اللہ یعنی اللہ کی پیدا کردہ صورت میں تبدیلی سےاجتناب کیا جائے، اور امت میں اس بات کو عام کیا جائے، اور پھیلایا جائے کہ وہ اس سے اجتناب کریں تا کہ شر و برائی پھیل کر عام نہ ہو جائے کہ اسے ترک کرنا ہی مشکل ہو جائے " ا نتہی.

دیکھیں: مجموع فتاوی الشیخ ابن عثیمین ( 17 ) سوال نمبر ( 4)

اور ہم شیخ رحمہ اللہ کا فتوی نقل کر چکے ہیں کہ اگر یہ ذی روح کی اشکال پر مشتمل نہ ہو تو مباح ہے، اس کی تفصیل دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر ( 8904 ) کے جواب کا مطالعہ کریں.

اور بعض ڈاکٹر حضرات نے بھی اس مؤقت وشم کے نقصانات اور ضرر بتائیں ہیں کہ ان سے بچا جائے.

سعودی عرب کی ڈیلی اخبار " الیوم " میں درج ذیل کالم چھپا ہے:

" مؤقت وشم یا جو ٹاٹو کے نام سے معروف ہے مختلف عمر کی لڑکیوں میں بہت زیادہ پھیل رہا ہے، اور خاص کر تہواروں اور سکول کی چھٹیوں میں اور بھی زیادہ ہو جاتا ہے.

اور ڈاکٹر اسامہ بغدادی نے جلدی بیماریوں سے ڈراتے ہوئے کہا ہے:

اس طرح کے اسٹکر جو جلد پر چپکائے جاتے ہیں جو جسم کو بدصورت کر دیتے ہیں، اور جلدی امراض پیدا کرنے کی طرف لے جاتے ہیں، اس کے پیچھلی طرف موجود گوند جو کہ جسم کے مساموں میں سرایت کر جاتی ہے، اور پھر خون کے خلیات کے ساتھ مل جاتی ہے، اور اسی طرح ا س اسٹکر میں موجود رنگدار کیمائی مواد کے عمومی صحت پر اور بھی کئی منفی اثرات پڑتے ہیں " انتہی.

دیکھیں: الیوم عدد نمبر ( 11159 ) سال ( 39 ) بروز ہفتہ تاریخ ( 11 / 11 / 1424 ھ ) الموافق ( 3 / 1 2004 م ).

چنانچہ اگر اس طریقہ کے نقصانات ثابت ہو جائیں کہ یہ طریقہ جلدی بیماریاں وغیرہ پیدا کرنے کا باعث ہے، تو پھر یہ شرعا ممنوع ہوگا، کیونکہ مسلمان شخص کے لیےایسا کام کرنا جائز نہیں جس میں اس کو یا کسی دوسرے کو نقصان اور ضرر ہو، اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" نہ تو کسی کو ضرر پہنچاؤ، اور نہ ہی خود ضرر اور نقصان اٹھاؤ "

سنن ابن ماجہ حدیث نمبر ( 784 ) علامہ البانی رحمہ اللہ نے ارواء الغلیل میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

والله اعلم .